مصنوعات کی طلب میں 8 فیصد جبکہ ماہانہ بنیادوں پر 19 کمی ریکارڈ کی گئی ہے، مجموعی طور پر رواں مالی سال کے پہلے 8 ماہ جولائی تا فروری کے دوران پیٹرولیم مصنوعات کی طلب 13 فیصد کمی کے ساتھ 10.18 رہ گئی ہے جو کہ گزشتہ سال کے اسی عرصے کے دوران 11.69 ملین ٹن رہی تھی۔ ڈائریکٹر اکسپیر ریسرچ اویس اشرف نے اس حوالے سے بتایا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے لوگوں کی قوت خرید میں کمی ہوئی ہے اور انہوں نے مہنگی اشیا کی خریداری سے گریز کیا ہے، اس کے علاوہ معاشی بحران کی وجہ سے صنعتی سرگرمیاں بھی رک چکی ہیں، جس کی وجہ سے بھی طلب میں کمی واقع ہوئی ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 53

اقبال کا اپنا بھی ووٹ چیک ہونا چاہیے۔ زرتاج گل کا مزید کہنا تھا کہ 8 فروری کو عوام فیصلہ کر چکے ہیں، یہ زبردستی خانہ پوری ہو رہی ہے، ان کو خود بھی یقین نہیں ہے ایوان میں ان کی شکلیں دیکھا کریں۔

بقیہ — بقیہ جات — 54

گیس اور بجلی کے نرخوں میں آئے روز اضافے نے عوام کا جینا محال کر دیا غربت مہنگائی بے روزگاری چوری ڈکیتی راہزنی کی وارداتوں نے عوام کو ذہنی امراض میں مبتلا کر دیا ایسے حالات تاریخ میں دیکھنے کو نہیں ملے، ہمارا مطالبہ ہے کہ حکومت نوٹس لے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات میسر آسکیں بصورت دیگر یہ مسائل مزید گھمبیر ہو جائیں گے۔

بقیہ — بقیہ جات — 55

کا حکومتی انتظامات چلانے کا ایک وسیع تجربہ ہے، آئین، قانون، پاکستان کے نظریے کو ہر چیز پر مقدم رکھا جائے گا۔ ملک افضل کھوکھر نے کہا کہ نئے پاکستان کا نعرہ لگا کر جو خرابیاں کی گئیں ان کی اصلاح کی جائے گی۔ ملک کسی بھی قسم کی محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہوسکتا، معاشی ابتری کے حالات میں قومی یکجہتی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جس طرح مریم نواز کے وزیر اعلیٰ بننے کے بعد پنجاب میں کام ہونا ہوا نظر آ رہا ہے اسی طرح پارٹی قائد نواز شریف کی قیادت میں شہباز شریف بطور وزیر اعظم پاکستان کو حقیقی معنوں میں ترقی کی راہ پر ڈال لیں گے۔

بعدالت جناب نیلوفر صاحبہ سول

جج سیالکوٹ

دعویٰ تنسیخ نکاح

عنوان راحل مشتاق بنام کرسٹو فر باسر

اشتہار بنام کرسٹو فر باسر ولد منور سردار ساکن ماڈل ٹاؤن ڈاکخانہ خاص اگوکی تحصیل و ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 14-03-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب ندیم انجم میاں

صاحب ADJ سیالکوٹ

اپیل

عنوان رضوانہ مجید بنام مقصود احمد وغیرہ

اشتہار بنام 3 عمرانہ دختر عبدالمجید ساکن نئی آبادی اسلام آباد اگوکی تحصیل و ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام رسپانڈنٹ علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر رسپانڈنٹ علیہ تاریخ 11-03-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب

ٹوبہ ٹیک سنگھ

وراثتی انتقال بابت اراضی واقع موضع چک نمبرا ن 270,269,268,267 گ ب تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ صلاں بی بی دختر وریام خاں قوم بلوچ وفات پا چکی ہے۔ جس کے وارثان میں وریام خاں والد متوفیہ (پہلے فوت شد) نیامت بی بی والدہ متوفیہ (پہلے فوت شد) محمد شریف خاں خاوند متوفیہ (پہلے فوت شد) ساجد شریف خاں پسر متوفیہ (زندہ) شاہدہ پروین، گل نسرین، شگفتہ شریف دختران متوفیہ ظاہر کیے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال متوفیہ صلاں بی بی کسی قسم کا کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفی درج و تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ — بقیہ جات — 56

کو 2 لاکھ 41 ہزار 388 یونٹس ڈیٹیکشن بل کی مد میں چارج کئے گئے جن کی مالیت 85 لاکھ 88 ہزار 935 روپے بنتی ہے۔ شفیق آباد کے علاقے میں کنکشن کو 3 لاکھ، بھونگر کے علاقے میں کنکشن کو 2 لاکھ 54 ہزار 700 روپے، اکبری گیٹ کے علاقے میں ایک ملزم کو 2 لاکھ اور داتا دربار میں ایک ملزم کو 1 لاکھ 50 ہزار روپے کی رقم چارج کی گئی۔ انسداد بجلی چوری مہم کو 172 مکمل ہوگئے، اس دوران کل 59 ہزار 706 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 54 ہزار 859 ملزمان کے خلاف مقدمات درج کروا کر 17 ہزار 795 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ بجلی چوروں کو اب تک 7 کروڑ 83 لاکھ 76 ہزار 400 یونٹس چارج کئے گئے ہیں جن کی مالیت 2 ارب 99 کروڑ 73 لاکھ 35 ہزار 26 روپے بنتی ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 57

210 روپے اضافے سے 1050 روپے ہوگئی۔ علاوہ ازیں کیچپ کی قیمتوں میں بھی اضافہ کر دیا گیا 400 گرام کا کیچپ کا پیکٹ 25 روپے اضافے سے 205 روپے جبکہ ایک کلو کا پیکٹ 40 روپے اضافے سے 420 روپے کا ہوگیا۔

بقیہ — بقیہ جات — 58

پر جو عیش و آرام کی زندگی گزار رہے ہیں ہمیں یہ بند کرنا پڑے گا، تین دہائیوں سے معیشت قرضوں پر چلائی جا رہی ہے، اگر ہمیں اپنی سلامتی کو برقرار رکھنا ہے تو ہمیں اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا ہوگا، آئی ایم ایف کے کہنے پر بجٹ بناتے رہے تو خدانخواستہ ہماری سلامتی کو خطرات لاحق ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی سالانہ 32 ارب ڈالر کا قیمتی زرمبادلہ بھجواتے ہیں، ہمیں انہیں برآمد کنندگان کی طرز پر سہولتیں دینی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت متحدہ عرب امارات سے پاکستانی وکلاء کو گولڈن ویزہ دینے کیلئے بات چیت کا آغاز کرے، وکلاء دنیا بھر میں پھیلے اوورسیز کو پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے راغب کر سکتے ہیں۔

بقیہ — بقیہ جات — 59

کے محاذ پر دشمن ملک بھارت کے پانچ ہنٹر جنگی طیاروں کو ایک منٹ میں مار گرایا تھا جو کہ گنیز بک کے مطابق ایک عالمی ریکارڈ ہے یہ کارنامہ صرف پاکستانی فضائیہ کی تاریخ ہی نہیں بلکہ جنگی ہوابازی کی تاریخ کا ایک معجزہ تصور کیا جاتا ہے۔ ایم ایم عالم نے مجموعی طور پر دشمن کی 9 طیارے گرائے تھے۔ 65ء کی جنگ کے مذکورہ بے مثال اور بہادری سے بھرپور کارنامے پر ایم ایم عالم کو ستارہ جرات سے نوازا گیا جبکہ لاہور کے علاقہ گلبرگ میں ایک اہم سڑک کا نام ایم ایم عالم روڈ رکھا گیا ایم ایم عالم نے اپنی ریٹائرمنٹ کے بعد جہانیاں کا دورہ بھی کیا تھا اور جامع مسجد حقانی میں نمازیوں سے خطاب بھی کیا تھا۔ ایم ایم عالم طویل عرصہ تک علیل رہنے کے بعد 18 مارچ 2013ء کو انتقال کر گئے

بقیہ — بقیہ جات — 60

افتخار کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا، حکام کے مطابق واقعے کا مقدمہ بھی درج کر لیا گیا ہے۔ لڑکی کے عزیزوں کا دعویٰ کیا کہ ان کی بھانجی آئی ٹی کورس کا سرٹیفکیٹ لینے گئی تھی جہاں کوچنگ سینٹر میں افتخار اور ارشد نے لڑکی سے بدتمیزی کی۔ واقعے کا مقدمہ لڑکی کے زخمی ماموں کی مدعیت میں درج کرلیا گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق سینٹر میں ٹیچر افتخار نے طالبہ سے بدتمیزی کی، جس کی شکایت کرنے کوچنگ سینٹر پہنچے جہاں ملزم افتخار نے مشتعل ہوکر تیزاب نکال کر پھینک دیا۔

بعدالت جناب حاجی عبدالمجید

شاہد صاحب تحصیلدار/سب

رجسٹرار قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ روبینہ احمد خان زوجہ خان محمد احمد خان ذات پٹھان ساکن فیروز پور روڈ محلہ گارڈن ویو سکیم قصور (واہبہ) اپنی ملکیتی پراپرٹی ڈبل سٹوری مکان تہہ زمین رقبہ تعدادی چھ مرلے متجملہ پراپرٹی نمبر BI-37S-53/2/RH/SH بروئے سیریل نمبر 4934 سال 2023-24ء واقع آبادی دیہہ گارڈن ویو ہاؤسنگ سکیم قصور بحق و بدست مساۃ علیبہ خان دختر خان محمد احمد خان ذات پٹھان ساکن ملحقہ قصور گارڈن محلہ گارڈن ویو سکیم فیروز پور روڈ قصور (موہوب علیہا) جائز وارث کو تخشیش کر رہی ہے لہذا اس پر عوام الناس کسی بنک یا ادارہ یا کسی دیگر وارث کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم اندر معہ ثبوت کیساتھ کرے۔ بصورت دیگر ہبہ نامہ رجسٹر کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب حبیبہ یونس صاحبہ

سول جج درجہ اول قصور

مقدمہ

نمبر 12174/SCJ بابت 14-09-22 دعویٰ استقرار حق) عنوان: آس محمد ولد محمود خاں قوم میو ساکن نندا کا تکیہ تحصیل و ضلع قصور (مدعی) بنام لیسکو وغیرہ اشتہار بنام لیسکو بذریعہ چیف ایگزیکٹو آفیسر لیسکو کوئینز روڈ لاہور، ایکسین لیسکو، آر او لیسکو رورل ڈویژن قصور، ایس ڈی او لیسکو سب ڈویژن بہادر پورہ قصور (مدعا علیہم) ہرگاہ مدعا علیہم کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ برائے پیروی مقدمہ بالا بتقرر 04-03-2024 کو صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے گی۔

بعدالت جناب محمد نوید صاحب

سینئر سول جج/گارڈین جج/جج

فیملی ڈویژن قصور

فائل

نمبر 63/GC بابت 27-02-24 درخواست زیر دفعہ 7 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ برائے تقرری گارڈین) عنوان: یاسمین بی بی بیوہ لیاقت علی زوجہ سخاوت علی قوم راجپوت سکنہ پتوکی کہنہ تحصیل پتوکی ضلع قصور حال مقیم سربالی کلاں قصور (سائلہ) بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ درخواست مندرجہ عنوان بالا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ کسی کو بھی درخواست ہذا کی نسبت کوئی عذر یا اعتراض ہو تو بتقرر 04-03-2024 کو بوقت 8 بجے صبح حاضر عدالت آکر داخل کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے

بعدالت جناب ثوبیہ شاہنواز

صاحبہ سول جج سیالکوٹ

دعویٰ استقرار حق

عنوان اقراء رفیق وغیرہ بنام عباس اسلم بٹ وغیرہ

اشتہار بنام 1 عباس اسلم بٹ پسر محمد اسلم 2 محمد اسلم پسر جلال دین ساکنان گاؤں جامکے چیمہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 13-03-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بقیہ — بقیہ جات — 61

ریاں، ٹیپو روڈ، ڈھوک نجو، گوالمنڈی اور ضیاء الحق کالونی کے ایریاز ان میں خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے ریسکیو 1122 کو ہدایت کی کہ ارلی وارننگ سسٹم کو موثر وفعال رکھا جائے تاکہ کسی بھی ناگہانی صورتحال سے بچا جا سکے۔ کمشنر راولپنڈی نے راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کو تنبیہ کی کہ شہر بھر میں خصوصی طور پر نالوں میں موجود گندگی کا ڈھیر جو کہ بلاکیج کا باعث بنتا ہے، اسے ساتھ ساتھ صاف کیا جائے۔ واسا کا عملہ تمام مشینری کا فیلڈ میں رکھے اور کہیں بھی بارشی پانی کھڑا نہ رہنے دیا جائے۔

بقیہ — بقیہ جات — 62

حکومتوں میں بہتری کی گنجائش ہوئی تو ہم کریں گے، پیپلز پارٹی کے میئرز اپنے اپنے شہروں میں کام کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ کا کہنا تھا کہ سندھ کے بلدیاتی نظام میں اصلاحات کیلئے کسی معاہدے کی ضرورت نہیں ہے، شاید ایم کیو ایم پاکستان اور (ن) لیگ کے درمیان معاہدے کا مقصد پنجاب میں بلدیاتی نظام لانا ہے، مسلم لیگ (ن) کا سندھ اسمبلی میں ایک بھی نمائندہ نہیں ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 63

فوری طور پر ایس ڈی او واپڈا کو تبدیل کرنے کا مطالبہ کے ساتھ بجلی بحالی کا مطالبہ کیاہ

بقیہ — بقیہ جات — 64

ممالک فلسطینیوں کی مدد کیلئے آگے بڑھیں، اسرائیلی صیہونی دہشت گردی نے فلسطینیوں پر ظلم و جبر، قتل و غارت گری کی انتہا کر دی ہے، پاکستانی حکمران پوری دنیا کے سامنے اسرائیل کا مکروہ چہرہ بے نقاب کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ غزہ سے فلسطینیوں نے اپنی زمین واگزار کرانے، اسرائیلی ناجائز قبضے کے خاتمے اور آزادی کے لیے اپنا جائز حق استعمال کرتے ہوئے جرات، دلیری سے پیش قدمی کی۔ اسرائیل بمباری کے ذریعے عام نہتے شہریوں، خواتین اور بچوں کو قتل اور بستیاں برباد کر رہا ہے۔ امریکہ، برطانیہ، فرانس، کینیڈا اور دیگر یورپی ممالک کی طرف سے اسرائیل کی ناجائز سرپرستی نے ثابت کر دیا ہے کہ یہود و نصاریٰ مسلمانوں کے کبھی دوست نہیں ہو سکتے۔

بعدالت جناب فاروق لطیف

صاحب سول جج/جج فیملی کورٹ

قصور

(اشتہار نیلام عام)

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مجھے فاضل عدالت نے کورٹ آکشنر مقرر کر کے ہدایت کی ہے۔ زر ڈگری کے عوض جائیداد قرق شدہ اجراء: ساجدہ پروین وغیرہ بنام محمد شبیر منجانب مدیون کیطرف سے جمع نہ کروانے پر مذکورہ پراپرٹیز کو نیلام کر کے رپورٹ نیلامی عدالت حضور انور میں پیش کروں۔ لہذا بروئے حکم فاضل عدالت شیڈول نیلامی کی بابت مورخہ 11-03-2024 کو بوقت 2 بجے دوپہر مقرر کی جاتی ہے۔ اور مندرجہ ذیل اشتہار نیلام عام۔ بمقدمہ: 1-ساجدہ پروین دختر غلام نبی ذات کھوکھر۔ 2-ملائکہ بی بی 3-مون علی نابالغان پسر و دختر محمد شبیر سکنائے چاہ اروڑ سنگھ والا تحصیل و ضلع قصور (مدعیہ و ڈگریداران) بنام محمد شبیر ولد عبدالرزاق قوم بھٹی ساکن موضع دفتو تحصیل و ضلع قصور (مدعا علیہ/ مدیون دعویٰ اجراء ڈگری)* Reserve جسکی تفصیل وشیڈول کچھ یوں ہے ... تفصیل جائیداد اراضی تعدادی 88-2M-165FT فٹ مندرجہ کھیوٹ نمبر 235.223 کھتونی نمبران 401 تا 420 اراضی تعدادی 15M-2019F، 5K-11M-175FT مندرجہ کھاتہ 51-60 کھتونی نمبران 103 تا 112- اور اراضی 5M141FT-1K-19M84FT- مندرجہ کھیوٹ نمبر 66-57 کھتونی نمبر 120 تا 130- و اراضی تعدادی 3K-5M-9M-84FT کھیوٹ نمبر 49-46 کھتونی نمبران 87 کل میزان اراضی تعدادی 14K-4M-128FT بروئے رجسٹر حقداران زمین سال 2020-2019ء واقع موضع دفتو تحصیل و ضلع قصور۔ شیڈول نیلام* اشتہار بر موقع و چسپائی بر موقع مورخہ 01-03-2024 نیلامی اشتہار اخبار اشاعت اخبار* 02-03-24- تاریخ نیلامی بر موقع* 11-03-2024 - بوقت 2 بجے دوپہر- رپورٹ نیلامی* مورخہ 22-03-2024 فاضل عدالت میں داخل کی جائیگی۔ 1-(شرائط نیلامی) 1-موقع پر نیلامی میں حصہ لینے والوں کو مبلغ -/1,00,000 روپے بطور سیکیورٹی کورٹ آکشنر کے پاس جمع کروانے ہونگے- جو کہ یہ رقم قابل واپسی ہوگی- سب سے زیادہ بولی دہندہ کے نام نیلام ختم کیا جائیگا -2-- کامیاب بولی دہندہ کو زر نیلام کا 30% موقع پر ادا کرانا ہو گا- بصورت دیگر اس کی رقم سکیورٹی ضبط کر لی جائیگی سرکاری بولی بمطابق سرکاری شیڈول ریٹ سے شروع کی جائیگی -3- کامیاب بولی دہندہ کو موقع پر 30% زر نیلام ادا کرنیکے کے بعد باقی زر نیلام اندر 7 یوم عدالت ہذا میں جمع کروانے ہونگے- ناکامی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کا 30% زر نیلام ضبط کر لیا جائیگا اور نیلامی بابت جائیداد متروقہ دوبارہ کروائی جائیگی - تاہم نیلامی کی حتمی منظوری فاضل عدالت دے گی- نیز عدالت کو پورا اختیار حاصل ہے کہ وہ کوئی بھی بولی منظور یا نامنظور کرنیکی وجوہات ظاہر نہ کرے- نیلامی و بولی میں ڈگریداران کے علاوہ کوئی بھی حصہ لے سکتا ہے- تفصیلات جائیداد جو کہ شیڈول میں دکھائی گئی ہے بمطابق اطلاع و ریکارڈ عدالت درست ہیں- المشتہر: کورٹ آکشنر: محمد رحمان ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ڈسٹرکٹ کورٹس قصور موبائل رابطہ نمبر: 0300-8421100

بعدالت جناب حاجی عبدالمجید

شاہد صاحب تحصیلدار/سب

رجسٹرار قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ روبینہ احمد خان زوجہ خان محمد احمد خان ذات پٹھان ساکن فیروز پور روڈ محلہ گارڈن ویو سکیم قصور (واہبہ) اپنی ملکیتی پراپرٹی ڈبل سٹوری مکان تہہ زمین رقبہ تعدادی چھ مرلے متجملہ پراپرٹی نمبر BI-37S-53/2/RH/SH بروئے سیریل نمبر 4934 سال 2023-24ء واقع آبادی دیہہ گارڈن ویو ہاؤسنگ سکیم قصور بحق و بدست مساۃ امیمہ خان دختر خان محمد احمد خان ذات پٹھان ساکن ملحقہ قصور گارڈن محلہ گارڈن ویو سکیم فیروز پور روڈ قصور (موہوب علیہا) جائز وارث کو ہبہ تخشیش کر رہی ہے لہذا اس پر عوام الناس کسی بنک یا ادارہ یا کسی دیگر وارث کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم اندر معہ ثبوت کیساتھ کرے۔ بصورت دیگر ہبہ نامہ رجسٹر کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

آصف زرداری صدر مملکت کا انتخاب جیتیں گے، مراد علی شاہ

ہماری سینیٹ کی دو نشستیں خالی ہیں، جام سیف اللہ دھاریجو اور اسلم ابڑو ہمارے امیدوار ہیں، پیپلز پارٹی دونوں نشستیں بآسانی جیت جائے گی

شاید ایم کیو ایم پاکستان اور (ن) لیگ کے درمیان معاہدے کا مقصد پنجاب میں بلدیاتی نظام لانا ہے، نومنتخب وزیراعلیٰ سندھ کی پریس کانفرنس

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) نو منتخب وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ آصف زرداری صدر مملکت کا انتخاب جیتیں گے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ ہماری سینیٹ کی دو نشستیں خالی ہیں، جام سیف اللہ دھاریجو اور اسلم ابڑو سینیٹ کی نشستوں کیلئے ہمارے امیدوار ہیں، پیپلز پارٹی یہ دونوں نشستیں بآسانی جیت جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ مقامی حکومتوں کو مؤثر بنانے کیلئے ہم نے ترامیم کی ہیں، مقامی (بقیہ نمبر62)

پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم کی گیاویں برسی 18 مارچ کو منائی جائے گی

سرگودھا (آئی این پی) پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم کی گیاویں برسی 18 مارچ کو منائی جائے گی انہوں نے 65ء کی جنگ میں ایک منٹ میں دشمن کے پانچ جہاز گرانے کا عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا۔ پاک فوج کے ہیرو ایم ایم عالم (محمد محمود عالم) کی برسی کے سلسلے میں مختلف شہروں میں منعقدہ تقریبات میں قومی ہیرو کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ ایم ایم عالم 6 جولائی 1935ء کو بھارت کے شہر کلکتہ میں پیدا ہوئے۔ پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم نے 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں سرگودھا (بقیہ نمبر59)

سرکاری ملازمین کی تنخواہیں بھی قرضوں سے ادا ہو رہی ہیں، مقررین

لاہور (این این آئی) معاشی صورتحال اس انیج پر پہنچ گئی ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہیں بھی قرضوں سے ادا ہو رہی ہیں، غیر ضروری وزارتیں ختم کرنا ہوں گی، ہم فارن ایکسچینج سے گاڑیاں اور لگژری آئٹمز درآمد کر رہے ہیں، سرمایہ کاری کی ترغیب کیلئے اوورسیز کیلئے مراعاتی سکیمیں لائی جائیں۔ ان خیالات کا اظہار نامور ماہر معاشیات و جنرل سیکرٹری انٹرنیشنل لائرز ایسوسی ایشن محمد اسحاق بریار، عاشق علی رانا، ملک جلیل اعوان اور شیخ عدیل نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم قرضوں کی بنیاد (بقیہ نمبر58)

رمضان المبارک سے قبل ہی پاؤڈر اور لیکوڈ مشروبات کی قیمتوں میں اضافہ

لاہور (این این آئی) رمضان المبارک سے قبل ہی پاؤڈر اور لیکوڈ مشروبات کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا۔ مشروب بنانے میں استعمال ہونے والے 25 گرام پاؤڈر کا پیک 5 روپے اضافے سے 25 روپے، 200 گرام کا پیک 40 روپے اضافے سے 300 روپے، 800 ملی لیٹر مشروب کی بوتل 50 روپے اضافے سے 450 روپے، ہول سیل میں ڈیڑھ لیٹر بوتل کیپیٹ کی قیمت (بقیہ نمبر 57)

راولپنڈی، پنجاب آرٹس کونسل کے زیراہتمام تھیٹر مقابلہ میں اداکار پرفارمنس پیش کررہے ہیں

کل سے مری کے بیشتر علاقوں میں بجلی کا بریک ڈاؤن

ایس ڈی او واپڈا کو فوری تبدیل کیا جائے، ڈپٹی کمشنر مری سے نوٹس کی اپیل

مری (سٹاف رپورٹر) مقامی، کاروباری حلقوں کا مطالبہ کل دن سے بجلی کی سپلائی معطل ہے رات گئے سے مری اندھیرے میں ڈوبا ہوا ہے تا حال بجلی کو بحال نہ کیا گیا ہے کروڑوں روپے مینٹیننس کے نام پر محکمہ واپڈا کو دیے جاتے ہیں اور ذرا سی بارش ہوا کہ ہونے سے لائٹ کو بند کر دیا جاتا ہے اور مقامی، کاروباری افراد سمیت سیاحوں کو بھی مشکلات کا سامنا رہتا ہے اہلیان مری نے (بقیہ نمبر63)

مسلمان ممالک فلسطینیوں کی مدد کیلئے آگے بڑھیں، جے یو آئی

پاکستانی حکمران پوری دنیا کے سامنے اسرائیل کا مقروح چہرہ بے نقاب کرنے میں اپنا کردار ادا کریں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مسلمان (بقیہ نمبر 64)

ملکی ترقی کیلئے عوام دوست پالیسیاں بنائی جائیں، متحدہ علماء کونسل

ملک کے حکمرانوں اور بیوروکریٹ کا ہر قدم و عمل ملک قوم کے لئے باعث پریشانی مایوس ہے

لاہور (این این آئی) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار محمد خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا محمد راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملکی ترقی کیلئے عوام دوست پالیسیاں بنائی جائیں، سیاستدان ناکام، عوام مایوس، حالات خراب، بدعنوانی (بقیہ نمبر 65)

راولپنڈی، کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ن لیگ عوام کے ووٹوں پر ڈاکا ڈال کر آئی ہے، زرتاج گل

فارم 47 اور فارم 49 والے ہار پہن رہے ہوتے ہیں، احسن اقبال کا اپنا بھی ووٹ چیک ہونا چاہیے، 8 فروری کو عوام فیصلہ کر چکے

یہ جو زبردستی جیت کر آئے ہیں، ان کے چہروں پر 12 بجے ہوتے ہیں، اصل میں بانی پی ٹی آئی اور فارم 45 جیت چکا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) رہنما پاکستان تحریک انصاف زرتاج گل نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن مینڈیٹ چور ہے، عوام کے ووٹوں پر ڈاکا ڈال کر آئی ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے زرتاج گل کا کہنا تھا کہ یہ جو زبردستی جیت کر آئے ہیں، ان کے چہروں پر 12 بجے ہوتے ہیں، اصل میں بانی پی ٹی آئی اور فارم 45 جیت چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فارم 47 اور فارم 49 والے ہار پہن رہے ہوتے ہیں، احسن (بقیہ نمبر 53)

پٹرولیم مصنوعات کی طلب 5 ماہ کی کم ترین سطح پہنچ گئی

کراچی (این این آئی) پٹرولیم مصنوعات کی طلب 5 ماہ کی کم ترین سطح پہنچ گئی۔ پٹرولیم مصنوعات کی طلب فروری میں پانچ ماہ کی کم ترین سطح 1.12 ملین ٹن پر پہنچ گئی، جس کی بنیادی وجہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ، صنعتی سرگرمیوں میں کمی، زرعی ٹیوب ویلز کی سولر پر منتقلی اور فرنس آئل سے چلنے والے پاور پلانٹس کے بجائے مقامی کوئلے سے چلنے والے پاور پلانٹس اور نیوکلیئر پاور پلانٹس کی پاور سسٹم میں شمولیت ہے۔ عارف حبیب لمیٹڈ کے مطابق فروری کے مہینے میں سالانہ بنیادوں پر پیٹرولیم (بقیہ نمبر 52)

غیرملکی سرمایہ کاری پر منافع کی بیرون ملک منتقلی میں بھاری اضافہ

کراچی (این این آئی) پاکستان میں غیرملکی سرمایہ کاری پر حاصل منافع کی بیرون ممالک منتقلی میں جاری مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں غیرملکی سرمایہ کاری پر حاصل منافع کی بیرون ممالک منتقلی کا مجموعی حجم 694.2 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 215 فیصد زیادہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ (بقیہ نمبر 48)

قصور، پتنگ بازی کے دوران چھت سے گر کر نوجوان جاں بحق

قصور (این این آئی) قصور پولیس کے دعوؤں کے باوجود پولیس تھانہ اے ڈویژن کی حدود میں تین مختلف واقعات میں پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کے دوران چھت سے گر کر نوجوان بحق جبکہ چار سالہ لڑکی اور 10 سالہ لڑکا ہوائی فائرنگ کی زد میں آ کر شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ اے ڈویژن قصور کے چند گز کے فاصلے پر واقع سلطان مارکیٹ کی چھت سے پتنگ بازی کرتے (بقیہ نمبر 46)

لاہور، بچے چائینہ چوک میں نصب طیارے پر کھیل رہے ہیں

غزہ میں مجوزہ جنگ بندی، تفصیلات سامنے آ گئیں

معاہدے کو قبول کرنے کے لیے گیند حماس کے کورٹ میں ہے، ذرائع

تل ابیب (این این آئی) امریکی حکام نے کہا ہے کہ غزہ میں جنگ بندی اور قیدیوں کی رہائی کے حوالے سے مجوزہ معاہدے کو اسرائیلی حکام نے قبول کر لیا ہے تاہم اب معاہدے کو قبول کرنے کے لیے گیند حماس کے کورٹ میں ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق حماس اپنا حتمی جواب جلد ہی ثالثوں کو بھیجے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حماس کا ایک وفد آنے والے گھنٹوں میں مصر میں ثالثوں (بقیہ نمبر50)

غزہ میں 22 لاکھ افراد کو قحط کے خطرے کا سامنا ہے، سلامتی کونسل

سلامتی کونسل کا تمام گذرگاہیں کھولنے اور امداد کی راہ میں حائل رکاوٹیں ختم کرنے کا مطالبہ

مقبوضہ غزہ (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے اتوار کے روز غزہ میں نابلسی رانڈ اباٹ قتل عام کی رپورٹوں پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ جنگ کی وجہ سے غزہ میں 22 لاکھ لوگوں کو قحط کے خطرے کا سامنا ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق اتوار کو ایک بیان میں سلامتی کونسل نے اسرائیل سے مطالبہ کیا کہ وہ غزہ کی پٹی میں شہریوں کو مناسب انسانی (بقیہ نمبر 49)

سعودی عرب میں ٹیکنالوجی کانفرنس 4 تا 7 مارچ ہو گی

لیپ کانفرنس میں کئی اہم اور بنیادی موضوعات زیر بحث ہوں گے، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں ٹیکنالوجی کانفرنس اور نمائش 4 سے 7 مارچ تک منعقد ہو گی۔ سعودی میڈیا کے مطابق کانفرنس میں مصنوعی ذہانت کے موضوع پر 150 سے زیادہ مقررین خطاب کریں گے۔ سعودی میڈیا کے مطابق لیپ کانفرنس میں کئی اہم اور بنیادی موضوعات زیرِ بحث ہوں گے۔ رپورٹس کے مطابق دارالحکومت ریاض میں ہونے والے اس ایونٹ (بقیہ نمبر47)

پشاور، شدید بارشوں کے باعث سڑک پر پانی جمع ہے

راولپنڈی میں رین ایمرجنسی نافذ، تمام افسران واہلکاروں کی چھٹیاں منسوخ

نالہ لئی کے اطراف کو تجاوزات سے فوری پاک کیا جائے، کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک

راولپنڈی (سٹاف پورٹر) کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک نے حالیہ بارشوں کے پیش نظر رین ایمرجنسی نافذ کرتے ہوئے تمام افسران و عملے کی چھٹیاں منسوخ کر دی۔ انہوں نے کہا کہ اب تک 11.9 ملی میٹر بارش ہو چکی ہے۔ اگرچہ اس وقت کوئی ایمرجنسی کی صورتحال نہیں تاہم تمام متعلقہ محکمے فیلیڈ میں موجود رہیں۔ مری میں بھی موجودہ بارشوں میں برفباری کے دوران تمام تر انتظامات مکمل رکھے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر مری اسلام آباد انتظامیہ کے ساتھ قریبی رابطہ رکھے۔ مری کی انٹری و ایگزٹ پوائنٹس کی نگرانی کی جائے۔ راولپنڈی میں نالہ لئی کے اطراف کو ہر قسم کی تجاوزات سے پاک کیا جائے۔ اسکے علاوہ دیگر علاقے جہاں بارشی پانی سے متاثر ہونے کے خطرات زیادہ ہیں جیسا کہ رتہ امرال، کٹا (بقیہ نمبر 61)

کراچی: دوستی سے انکار، ٹیچر نے مبینہ طور پر طالبہ پر تیزاب پھینک دیا

ٹیچر نے طالبہ پر تیزاب پھینکا جس سے لڑکی اور اس کے 2 ماموں زخمی ہو گئے، پولیس

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں دوستی سے انکار پر ٹیچر نے مبینہ طور پر طالبہ پر تیزاب پھینک دیا، جس سے طالبہ اور اس کے دو ماموں زخمی ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق دوستی سے انکار پر ٹیچر نے مبینہ طور پر طالبہ پر تیزاب پھینک دیا، تیزاب گردی کا واقعہ نیپا چورنگی کے قریب پیش آیا۔ واقعے میں طالبہ سمیت 3 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق 21 سالہ لڑکی کورس مکمل ہونے پر نجی اکیڈمی میں سرٹیفکیٹ لینے آئی تھی۔ ٹیچر نے طالبہ پر تیزاب پھینکا جس سے لڑکی اور اس کے دو ماموں زخمی ہو گئے۔ تینوں زخمیوں کو طبی امداد کیلئے سول اسپتال برنس وارڈ منتقل کر دیا گیا جبکہ علاقہ مکینوں نے ٹیچر (بقیہ نمبر60)

لاہور، آرٹ ٹیکسٹ گیلری میں لڑکی سرامکس نمائش میں فن پاروں کی موبائل سے تصویر بنا رہی ہے

پہلی ترجیح بانی چیئرمین کی رہائی، سیاسی جدوجہد کا بھی نقطہ آغاز ہوگا، مسرت چیمہ

اسمبلیوں میں مخصوص نشستوں کی صورت میں تو لیول پلینگ دیا جائے، سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پارٹی سے وابستگی رکھنے والے وکلاء کی انتخابات کی مصروفیات ختم ہو گئی ہیں اب ہماری پہلی ترجیح بانی چیئرمین کی جلد سے جلد رہائی کیلئے قانونی جنگ لڑنا ہے اور یہ ہماری سیاسی جدوجہد کا بھی نقطہ آغاز ہوگا، جعلسازی کے ذریعے ہماری جو نشستیں چھینی گئی ہیں اس کے خلاف جدوجہد جاری رہے گی، ہمیں انتخابی میدان میں تو لیول پلینگ فیلڈ نہیں ملا لیکن اسمبلیوں میں مخصوص نشستوں کی صورت میں تو لیول پلینگ دیا جائے۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ جعلی مینڈیٹ ہونے کی وجہ سے مسلم لیگ (ن) ہم سے خائف ہے اور خواتین اور اقلیتوں کی مخصوص نشستیں الاٹ نہ ہونا اس کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

بجلی چوروں کو 2 ارب 99 کروڑ سے زائد کے جرمانے

59 ہزار 706 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 17 ہزار 795 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، ترجمان

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی میں بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری ہے اور گزشتہ 24 گھنٹوں میں 350 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے۔ ترجمان کے مطابق 24 گھنٹوں کے دوران 137 کے خلاف مقدمات درج کرائے گئے، پکڑے جانے والے کنکشنز میں 9 کمرشل، 1 انڈسٹریل، 2 زرعی اور 351 ڈومیسٹک تھے جنہیں منقطع کر کے ان (بقیہ نمبر 56)

شہباز شریف پاکستان کو حقیقی معنوں میں ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے، افضل کھوکھر

ملک کسی بھی قسم کی محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہو سکتا، معاشی ابتری کے حالات میں قومی یکجہتی کی ضرورت ہے

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے پارٹی صدر شہباز شریف کو وزیراعظم منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ شہباز شریف پاکستان کو حقیقی معنوں میں ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے، شہباز شریف نے پہلے پنجاب بدلا اب پاکستان کو بدلیں گے۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ وزیراعظم کا انتخاب ایک جمہوری عمل سے مکمل ہوا ہے، شہباز شریف (بقیہ نمبر55)

ملکی ترقی کیلئے دیانتدار حکومت کی ضرورت ہے، سنی علماء کونسل

سیاستدانوں نے ماضی سے سبق نہیں سیکھا، ایوانوں میں نورا کشتی چل رہی ہے، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ ملکی ترقی کیلئے دیانتدار حکومت کی ضرورت ہے، سنی علما کونسل اسمبلیوں کے دنگل، نورا کشتی اور اخلاق باختہ حرکات کی شدید ترین مذمت کرتی ہے، سیاستدانوں نے ماضی سے سبق نہیں سیکھا، ایوانوں میں نورا کشتی چل رہی ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ انسانی زندگی بچانے والی ادویات، پٹرول، (بقیہ نمبر54)

پیپلز پارٹی نے کبھی انتقامی کارروائیاں نہیں کیں، رانا جمیل منج

پاکستان کو درپیش مسائل کو حل کرنے کیلئے ہم سب ملکر محنت کریں گے، عوام کو مسائل سے نکالیں گے

رائے ونڈ (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی یہ روایت رہی ہے کہ ہم نے کبھی بھی انتقامی کارروائیاں کر کے سیاسی قیدی نہیں بنائے، پاکستان کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لئے ہم سب مل کر محنت کریں گے اور عوام کو مسائل سے نکالیں گے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ انشاء اللہ 9 مارچ کو آصف علی زرداری ایک بار پھر پاکستان کے صدر منتخب ہو جائیں گے، ہم عوام کے مطابق چلیں گے اور کبھی عوام کے اصولوں کی خلاف ورزی نہیں کریں گے کیونکہ پیپلز پارٹی کی یہ روایت رہی ہے کہ ہم نے کبھی بھی انتقامی کارروائیاں کر کے سیاسی قیدی نہیں بنائے۔ ر

کارپٹ ایسوسی ایشن کے وفد کی کلیکٹر کسٹمز سے ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا

برآمد کنندگان کا ملکی معیشت میں اہم کردار، ایف بی آر مسائل کے حل کیلئے ہر وقت کوشاں ہے، زہرا حیدر

قالینوں کی صنعت کا حکومت پر کوئی بوجھ نہیں، برآمدات سے غیرملکی زرمبادلہ کما کر دیتے ہیں، عثمان اشرف

لاہور (این این آئی) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین عثمان اشرف کی قیادت میں وفد نے کلیکٹر کسٹمز (اپریزمنٹ ویسٹ) زہرا حیدر سے ملاقات کر کے برآمد کنندگان کو درپیش مختلف مسائل سے تفصیلی آگاہ کیا۔ وفد میں سینئر مرکزی رہنما عبداللطیف ملک، میجر (ر) اختر نذیر اور شاہد حسن شیخ شامل تھے۔ وفد نے کلیکٹر کسٹمز زہرا حیدر کو ریپئر، ری واش اور ری فنش کیلئے عارضی امپورٹ ہونے والی کارپٹ مصنوعات سے متعلقہ معطل ہونے والے ایس آر او 492 اور نئے جاری ہونے والے ایس آر او 545 کے حوالے سے اپنے تحفظات سے آگاہ کرتے (بقیہ نمبر 51)

لاہور، چھٹی کے روز بچے مقامی گراؤنڈ میں کرکٹ کھیل رہے ہیں

اتھارٹی کی حکومت میں بھی حماس غزہ میں رہے گی، فتح

اتھارٹی غزہ کی پٹی کو چلاتی ہے تو حماس غزہ میں ہی رہے گی، ترجمان

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) الفتح کے ترجمان جمال نزال نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ اگر اتھارٹی غزہ کی پٹی کو چلاتی ہے تو حماس غزہ میں ہی رہے گی۔ انہوں نے عرب ٹی وی کو ایک انٹرویو میں مزید کہا کہ اسرائیلی ٹینک جس کے بارے میں کچھ دعوی کرتے ہیں کہ فتح غزہ میں داخل ہو جائے گی۔ یہ درحقیقت قومی اتھارٹی کے خلاف ہے۔ قبل ازیں حماس کے رہنما موسی ابو مرزوق نے تصدیق کی کہ تحریک کو متحد حکومت کی تشکیل کے حوالے سے مختلف دھڑوں سے ناقابل مصالحت خلا نظر نہیں آتا۔ (بقیہ نمبر 45)

امریکہ کی طرف سے غزہ میں پہلی بار فضا سے امدادی سامان پھینکا گیا

ہوائی جہازوں کے ذریعے امدادی سرگرمی جاری رہے گی، وائٹ ہاؤس کا بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے بھی ہوائی جہاز کے ذریعے غزہ میں امدادی سامان پھینک کر خود کو ان ملکوں میں شامل کر لیا ہے جنہوں نے غزہ میں زمینی راستے سے امدادی سامان کی ترسیل میں رکاوٹوں کے سبب ہوائی جہاز سے امداد تقسیم کرنے کی کوشش کی ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق امریکہ کی طرف سے بتایا گیا ہے کہ امریکہ نے غزہ میں یہ امدادی سامان سی 130 طیاروں کے ذریعے پھینکی۔ ٹرانسپورٹ طیاروں کے ذریعے غزہ کے لوگوں کے لیے 38000 کھانے پھینکے گئے۔ وائٹ ہاؤس کا اس بارے میں کہنا تھا کہ ہوائی جہازوں کے ذریعے امدادی سرگرمی جاری رہے گی، اسرائیل نے بھی اس کوشش کی حمایت کی

راولپنڈی، کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک نالہ لئی پل گوالمنڈی کا دورہ کررہے ہیں

راولپنڈی، 2 بچیوں سمیت 5 افراد کے قتل میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے بھی چھاپے جاری ہیں، ایس پی صدر

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے تھانہ چونترہ کے علاقے مین دشمنی کی تنازعے پر اے ایس ایف اہلکار اور دو معصوم بچوں سمیت پانچ افراد کو فائرنگ کر کے قتل کرنے میں ملوث تین مرکزی ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان واردات کے بعد سے روپوش تھے۔ پولیس کے مطابق گرفتار (بقیہ نمبر 34)

عقیدہ ختم نبوتؐ پر دین اسلام کی عمارت استوار ہے، قاری اعظم حسین

قادیانی پاکستانی آئین میں متفقہ طور پر غیر مسلم اقلیت ہیں وہ اپنے آپ کو غیر مسلم اقلیت تسلیم کریں

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوتؐ پر دین اسلام کی عمارت استوار ہے، اس عقیدہ میں معمولی سی لچک یا نرمی انسان کو بلندی سے اٹھا کر کفر کی پستی میں پھینک دیتی ہے، قادیانی پاکستانی آئین (بقیہ نمبر 35)

فلسطینی جنوبی غزہ کی پٹی کے شہر رفح میں اسرائیلی حملوں میں تباہ ہونیوالی مسجد کے قریب نماز ادا کررہے ہیں

مری، وکلاء، صحافیوں، اہل علاقہ کی پیر سید ریاض حسین شاہ سے ملاقات

خطہ کوہسار کے امن و امان کو تباہی سے بچانے کے لیے پیر سید ریاض حسین شاہ کو کردار ادا کرنے کی اپیل

مری (سٹاف رپورٹر) اہلیان کوہسار مری و کوٹلی ستیاں کے معزز علمائے کرام، معززین علاقہ، وکلاء، صحافیوں سیاسی و سماجی شخصیات کی ادارہ تعلیمات اسلامیہ کے سربراہ علامہ پیر سید ریاض حسین شاہ سے ملاقات، کثیر تعداد میں اہل کوہسار کے مختلف طبقات کی شرکت، خطہ کوہسار کے امن و امان کو تباہی سے بچانے کے لیے پیر سید ریاض حسین شاہ کو کردار ادا کرنے کی اپیل کی گئی خانقاہ بلاوڑہ شریف اور سجادہ نشین دربار عالیہ بلاوڑہ شریف کے خلاف ایک صحافی کیطرف سے سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈے اور لغویات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اہلیان کوہسار کا کہنا تھا کہ اس اقدام سے جہاں خانقاہ بلاوڑہ شریف کے لاکھوں عقیدت مندان کے جذبات مجروح ہوئے وہ مشتعل ہیں اس کیساتھ ساتھ اہلیان کوہسار میں بھی سخت بے چینی اور اضطراب پایا جاتا ہے

اڈیالہ جیل، ذہنی مریض قیدی کا اینٹوں سے قیدیوں پر حملہ، ایک اور زخمی چل بسا

راولپنڈی (آئی این پی) راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں ذہنی مریضوں کے سیل میں ہونے والے جھگڑے کے دوران زخمی ہونے والا ایک اور ذہنی مریض قیدی انتقال کر گیا۔ ذہنی مریض احسن نے اڈیالہ جیل میں 28 فروری کو ساتھی قیدیوں پر اینٹوں سے حملہ کیا تھا۔ جیل حکام کے مطابق جھگڑے کا معاملہ ذہنی مریضوں کے سیل نمبر 8 میں پیش آیا تھا جہاں قیدی احسن نے پانی والے مگ سے دیوار سے اینٹ کھرچ کر نکالی اور دیگر ذہنی مریض قیدیوں پر حملہ کر دیا تھا۔ جیل حکام کا بتانا تھا کہ اینٹ کے حملے میں سوئے ہوئے قیدی زخمی ہوئے تھے، زخمی قیدیوں میں اعجاز ربانی، شیراز اور حماد علی شامل تھے۔

10 مارچ کو عرب اور اسلامی دنیا میں چاند نظر آنے کے امکانات بہت کم ہیں، ماہرین فلکیات

لاہور (این این آئی) ماہرین فلکیات نے کہا ہے کہ 10 مارچ کو پورے عرب اور اسلامی دنیا میں چاند نظر آنے کے امکانات بہت کم ہیں۔ فلکیات کے ماہرین کے مطابق عرب دنیا سمیت کئی اسلامی ممالک میں رمضان المبارک کا آغاز 12 مارچ بروز منگل سے متوقع ہے۔ پاکستان میں بھی (بقیہ نمبر 36)

راولپنڈی میں 2 بچیوں سمیت 5 افراد کے قتل میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (سٹاف رپوٹر) راولپنڈی پولیس نے تھانہ چونترہ کے علاقے مین دشمنی کی تنازعے پر اے ایس ایف اہلکار اور دو معصوم بچوں سمیت پانچ افراد کو فائرنگ کر کے قتل کرنے میں ملوث تین مرکزی ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان واردات کیبعد سے روپوش تھے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں نعیم سلطان، وسیم سلطان اور شیر علی شامل ہیں جنھوں نے دیگر ساتھیوں کے ساتھ ملکر سابقہ دشمنی کی بنا پر فائرنگ کر کے پیشی کے لیے عدالت جاتے (بقیہ نمبر37)

لاہور، آرٹ ٹیکسٹ گیلری میں سرامکس آرٹسوں کی نمائش کے موقع پر گروپ فوٹو

خیبر، مکان کی چھت گرنے سے ایک ہی خاندان کے 6 افراد جاں بحق

واقعہ علی الصبح پیش آیا، ذخہ خیل میں بوسیدہ کمرے کی چھت گر گئی، جاں بحق ہونے والوں میں 4 بچے اور 2 خواتین شامل

نعشوں کو شہریوں نے اپنی مدد آپ کے تحت نکالا، گزشتہ 3 روز سے جاری بارشوں کے باعث مکان بوسیدہ ہو گیا تھا، پولیس

خیبر لنڈی کوتل (مانیٹرنگ ڈیسک) مکان کی چھت گرنے سے ایک ہی خاندان کے 6 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق خیبر کے علاقے ذخہ خیل میں بوسیدہ کمرے کی چھت گر گئی، چھت گرنے سے ایک ہی خاندان کے 6 افراد جاں بحق ہو گئے، جاں بحق ہونے والوں میں 4 بچے اور 2 خواتین شامل ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعہ علی الصبح پیش آیا، نعشوں کو شہریوں نے اپنی مدد آپ کے تحت نکالا۔ پولیس نے بتایا کہ گزشتہ 3 روز سے جاری (بقیہ نمبر 38)

قادیانیت کوئی مذہب نہیں بلکہ ایک فتنہ ہے، مرکزی علماء کونسل

تحریف قرآن کے مجرم مبارک احمد ثانی کو سخت سے سخت سزا دی جائے، صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علماء کونسل صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی نے کہا ہے کہ قادیانیت کوئی مذہب نہیں بلکہ ایک فتنہ ہے، تحفظ ختم نبوت حساس معاملہ ہے قادیانی خود کو مسلمان ظاہر کر کے آئین کی خلاف ورزی کر رہے ہیں، تحریف قرآن کے مجرم مبارک احمد ثانی کو سخت سے سخت سزا دی جائے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ علما نے کبھی بھی ججز کے ایمان پر سوالات نہیں اٹھائے (بقیہ نمبر 39)

لاہور، چھٹی کے روز ایک فیملی پارک میں سیر کر رہی ہے

گرینڈ ڈائیلاگ وقت کی ضرورت، سینئر قیادت پیشرفت کرے، اشرف بھٹی

اداروں کو بے توقیر کرنے کی مہم کسی طرح بھی ملک کے مفاد میں نہیں، صدر آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ معاشی استحکام سیاسی استحکام سے مشروط ہے اس لئے تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل ہے کہ ملک کو درپیش گھمبیر چیلنجز کے پیش نظر احتجاجی سیاست سے گریز کریں، گرینڈ ڈائیلاگ وقت کی ضرورت ہے اس لئے سینئر قیادت کو اس کے لئے پیشرفت کرنی چاہیے۔ اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے (بقیہ نمبر 42)

شمالی وزیرستان، 5 روزہ انسداد پولیو مہم شروع

1 لاکھ 45 ہزار 900 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے، ڈی سی شمالی وزیرستان

شمالی وزیرستان (این این آئی) شمالی وزیرستان میں 5 روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز ہو گیا۔ ڈپٹی کمشنر شمالی وزیرستان کے مطابق پولیو مہم کے دوران 1 لاکھ 45 ہزار 900 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ 5 سال سے کم عمر کے بچوں کو وٹامن اے کے کیپسول بھی پلائے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر شمالی وزیرستان نے کہا کہ 629 خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں اور سکیورٹی (بقیہ نمبر 43)

پشاور خیبر پختونخواہ کلچر اینڈ ٹورازم اتھارٹی کے زیر اہتمام تخت بھائی ٹرین سفاری کے موقع پر صدر ریلوے اسٹیشن پر خواتین کا گروپ فوٹو

بنوں، دین اسلام کی تبلیغ کے لئے محنت کرنے والوں میں خانہ بدوش بھی شامل ہو گئے

کوہاٹ (این این آئی) صوبہ خیبر پختونخوا کے جنوبی ضلع بنوں میں دین اسلام کی تبلیغ کے لئے محنت کرنے والوں میں خانہ بدوش بھی شامل ہو گئے۔ تبلیغی جماعت ذرائع کے مطابق حال ہی میں تبلیغی مرکز رائے ونڈ لاہور میں تبلیغی جماعت سے وابستہ افراد کا جوڑ (اجتماع) ہوا جہاں پاکستان بھر سے آئے ہوئے افراد نے اپنی جماعتوں کی سالانہ کارگزاریوں کے متعلق اپنے مرکزی آمیروں کو آگاہ کیا۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا کے جنوبی ضلع بنوں (بقیہ نمبر 40)

کراچی میں آئندہ تین روز تک سردی کی لہر برقرار رہنے کا امکان

کراچی (این این آئی) شہر قائد دوسرے روز بھی کوئٹہ کی سرد ہواؤں کی لپیٹ میں رہا، محکمہ موسمیات کے مطابق ہفتہ کی صبح کراچی میں کم سے کم درجہ حرارت 13 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران موسم خشک، سرد اور مطلع صاف رہے گا، دوسری جانب سردی کی شدید لہر نے پورے سندھ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں سردی جاتے جاتے پلٹ کر آ گئی، شہریوں نے گرم کپڑے نکال لیے۔ شہر قائد میں چند روز تک کوئٹہ کی ٹھنڈی ہوائیں چلتی رہیں گی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مضافاتی علاقوں میں درجہ (بقیہ نمبر 41)

سولر پینلز سمیت الیکٹرانکس سامان کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ

کراچی (این این آئی) بجلی کی قیمت میں اضافے کے ساتھ ہی سولر پلیٹس اور الیکٹرانکس سامان کی قیمتوں کو بھی پر لگ گئے۔ ایک ہفتے کے دوران مارکیٹوں میں الیکٹرونکس کی قیمت میں 20 فیصد تک اضافہ ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق بجلی کی قیمتوں میں 7 روپے 5 پیسے فی یونٹ اضافہ سے الیکٹرانکس کا سامان مہنگا ہو گیا، سولر پلیٹس کی قیمتوں میں بھی 20 فیصد اضافہ کر دیا گیا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق بجلی کے ریٹ بڑھنے سے سولر اور الیکٹرانکس کے دیگر سامان جس میں فریج، (بقیہ نمبر 44)

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226